© rasailojaraid.com

## شش ماہی ''السیرۃ'' عالمی:

یہ شش ماہی ''السیرۃ'' کا پانچواں شمارہ ہے۔ چھب وہی ہے اور طور بھی وہی ہے کہ جو شروع دن سے چلا آتا ہے۔ ربیع الاول ۱۴۲۲ھ کے اس شمارے میں چار سو سے زائد صفحوں پر پھیلے ہوئے حد درجہ متنوع مواد کا مطالعہ کرتے ہوئے کہیں تکرار کا احساس نہیں ہوتا۔ منطق، فلسفہ، تاریخ، تصوف، ادب، شاعری، تعلیم، تبلیغ، معاشرت اور اقتصاد کے کتنے ہی مختلف زاویوں سے لکھنے والوں نے اللہ کریم کی توفیق سے خوب لکھا ہے۔ بس ایسا --- کہ پڑھیئے اور سر دھنیے۔ ایک گوشہ خاص پروفیسر سید محمد سلیم صاحب (علیہ الرحمۃ) کی حیات و خدمات پر بھی ہے۔ پروفیسر صاحبؒ بیسویں صدی عیسوی کے چند بڑے مسلم مفکرین تعلیم میں سے ایک تھے۔ سیرتِ نبوی ﷺ سے انہیں خصوصی لگاؤ تھا۔ اس حوالے سے اُن کی پانچ تحریریں آج کے پڑھے لکھے قاری پر یہ راز کھولتی ہیں کہ سیرت اور مطالعہ سیرت سے ہمارے ربط کا زاویہ کیا ہونا چاہیئے؟ مثلاً وہ لکھتے ہیں .... ''دنیا کے تمام حکماء و فلاسفہ اور اعاظم رجال ناقص اور یک رخے ہیں۔ ان کی تمام تر گفتگو ظن و تخمین سے ہوتی ہے۔ وہ اپنے بتائے ہو معیار پر خود بھی پورے نہیں اترتے ہیں۔ ارسطو الٰہیات میں افلاک سے تارے توڑ کر لاتا ہے لیکن وہ بیویوں کا شوہر ہونے کے باوجود عورت کے منہ میں ۲۸ دانت بتاتا ہے، جس پر آج کا ایک بچہ بھی ہنسے۔ روسو جدید تعلیم کا معمارِ اعظم کہلاتا ہے۔ اُس نے اپنی اولاد کو لاوارث بتا کر یتیم خانہ میں داخل کرادیا تھا، تاکہ اُس کے عیش میں خلل نہ واقع ہو۔ یہ گراہوا انسان جدید یورپ کا معلم ہے۔ افضل ترین انسان کے لئے جو معیار اور کسوٹی دنیا نے تجویز کی ہے، اس پر صرف ایک ہستی ہے جو پوری اتر سکتی ہے۔ کوئی دوسری ہستی اس معیار پر پوری نہیں اتر سکتی ہے۔ وہ ذات گرامی حضرت محمد مصطفی ﷺ فداہ اُمی وابیؐ کی ہے۔ صحیح تناظر میں سیرت الرسول کو پیش کیجیے، اور پھر اس کی مقناطیسی کشش دیکھیے''۔

مجلّے کی قیمت: سو روپیہ، اور ملنے کا پتا: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، اے ۴/۱۷، ناظم آباد ۴، کراچی ۱۸ ہے۔


خوشخبری

دفترِ نقیبِ ختمِ نبوت ملتان اور دفتر احرار لاہور



میں کمپیوٹرز کی تنصیب

الحمدللہ ماہنامہ نقیبِ ختمِ نبوت ملتان کے دفتر میں کمپیوٹر کی تنصیب ہوگئی ہے اور کمپیوٹر کتابت کا کام شروع ہوگیا ہے۔ اسی طرح دفتر مجلس احرار اسلام لاہور میں بھی کمپیوٹر نصب ہوگیا ہے۔ احباب و متعلقین مطلع رہیں۔ اہلِ قلم، ناشر، اور پبلشر حضرات ہم سے اپنی تالیفات و تصنیفات کو کمپوز کرانے کی خدمات لے سکتے ہیں۔ مسودات نقیب کے دفتر میں ارسال کریں۔ انشاء اللہ پوری ذمہ داری سے یہ خدمت سرانجام دیں گے۔

رابطہ: دفتر ماہنامہ نقیبِ ختمِ نبوت دار بنی ہاشم مہربانی کالونی ملتان فون: 061-511961


© rasailojaraid.com